Telephone conversation between Prime Minister and H.E. Filipe Jacinto Nyusi, President of Mozambique

June 03, 2020

وزیر اعظم اور موزمبیق کے صدر عالی جناب فلپ جیکنٹو نیوسی کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو

03 جون، 2020

وزیر اعظم نے آج موزمبیق کے صدر عالی جناب فلپ جیکنٹو نیوسی کے ساتھ فون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے جاری کووڈ 19 وبائی مرض کی وجہ سے دونوں ممالک میں درپیش چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے صحت کے بحران کے دوران موزمبیق کی کوششوں کی حمایت کے لئے ہندوستان کی رضامندی کا اظہار کیا، جس میں ضروری ادویات اور سامان کی فراہمی شامل ہے۔ صدر نیوسی نے دونوں ممالک کے مابین حفظان صحت اور دواؤں کی سپلائیز کے شعبے میں قریبی تعاون پر اظہار تشکر کیا۔

دونوں رہنماؤں نے موزمبیق میں ہندوستانی سرمایہ کاری اور ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے موزمبیق کو افریقہ کے ساتھ ہندوستان کی مجموعی شراکت کا ایک اہم ستون قرار دیا، انہوں نے موزمبیق کے کوئلے اور قدرتی گیس کے شعبوں سے متعلق ہندوستانی کمپنیوں کے عزم کا بھی تذکرہ کیا۔

رہنماؤں نے دفاع اور سلامتی کے شعبے میں بڑھتے ہوئے دوطرفہ تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے شمالی موزمبیق میں دہشت گردی کے واقعات کے بارے میں صدر نیوسی کی تشویش پر یکجہتی کا اظہار کیا، اور موزمبیق پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی صلاحیتوں کو بڑھانے سمیت ہر ممکن مدد کی پیش کش کی۔

وزیر اعظم نے موزمبیق میں ہندوستانی اور ہندوستانی نژاد برادری کی سلامتی اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے موزمبیق حکام کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کے لئے خصوصی شکریہ ادا کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے عہدیداران اس وبائی مرض کے دوران تعاون اور مدد کے لئے مزید مواقع تلاش کرنے کے لئے رابطے میں رہیں گے۔

نئی دہلی

03 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.